# پراجیکٹ سے متعلق
# لوگوں کیلئے تربیتی منصوبہ



## داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (واپڈا)
## پاکستان


Scanned by CamScanner

## داسوڈیم ایک تعارف

داسوڈیم اہم اور اپنی نوعیت کا ایک منفرد پراجیکٹ ہے۔ اس کی افادیت موجودہ بجلی کے بحران کی وجہ سے ہے۔ یہ ڈیم دریائے سندھ پر 7 کلومیٹر شمال کی جانب داسو کے



مقام پر بنایا جارہا ہے جو کہ ضلع کوہستان میں واقع ہے۔ ضلع کوہستان اپنی مخصوص ثقافت اور جغرافیائی حیثیت کی وجہ سے خیبر پختونخوا میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ اس ڈیم کی حد 74 کلومیٹر شمال کی جانب دیامیر بھاشا سے 5 کلومیٹر پہلے ختم ہوتی ہے۔ داسوڈیم واپڈا، حکومتِ پاکستان



اور عالمی بنک کے باہمی تعاون سے تعمیر کیا جارہا ہے جس میں متاثرین کی بحالی کے لئے مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں۔

## متاثرین کیلیئے صلاحیتیں بڑھانے کے پروگرام

داسوڈیم نہ صرف ملکی سطح بلکہ دنیا کے چند بڑے منصوبوں میں سے ایک بڑا منصوبہ ہے جس کی کامیابی کیلیئے ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سے متعلقہ



افراد کامل صلاحیتوں کے حامل ہوں۔ اس سوچ پر عمل درآمد کرتے ہوئے واپڈا نے نہ صرف کام کرنے والے اپنے عملے بلکہ ضلع کوہستان کے متعلقہ محکموں اور متاثرین کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے منصوبہ جات ترتیب دیئے ہیں۔

## فنی تربیتی پروگرام

واپڈا کے تعاون سے اب تک چوالیس (44) افراد کو فنی تربیتی پروگرام میں تین سے چھ ماہ تک کی فنی تربیت مکمل کروائی گئی ہے۔ اس کا انعقاد نیشنل لوجیسٹک سیل کے فنی تربیتی ادارہ بمقام دینہ ضلع جہلم میں سال 2013-2012 کے دوران کیا گیا۔ ان میں بلڈنگ الیکٹریشن، آٹو مکینک، سول سرویئر، آٹو الیکٹریشن، پلمبر، کوانٹٹی سرویئر، ویلڈر گیس اینڈ الیکٹرک، ایکسکویٹر آپریٹر، موٹر گریڈر آپریٹر اور لائٹ ٹرانسپورٹ وہیکل (ڈرائیور) شامل ہیں۔ جن میں سے تقریباً 11 ہنرمند افراد مختلف محکموں اور ٹھیکیداروں کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

## ہنرمندی اور بحالی ذریعہ معاش کے منصوبے

داسوڈیم کی تعمیر کی بدولت لوگوں کے ذریعہ معاش میں اضافہ ہوگا اور روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔ اس سے معاشی، سماجی اور انفرادی طور پر



خوشحالی آئے گی۔ اس ضمن میں واپڈا کی مدد سے لوگوں کو ہنر سکھانے اور روزگار بڑھانے کے مختلف پروگرام شامل ہیں جو کہ اس وقت علاقے میں موجود کاروبار/اور شعبوں سے مطابقت رکھتے ہیں۔

متاثرین اپنے زربیعانہ کی رقم علاقے میں چھوٹے اور درمیانی کاروبار میں سرمایہ کاری پر لگا سکتے ہیں، جو کہ علاقے کے لوگوں کے ذریعہ معاش کی بحالی اور ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ جس کی وجہ سے مقامی لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہونگے اور انکے معیارِ زندگی میں بہتری آئے گی۔

واپڈا لوگوں کو جنرل و سپر سٹور کے قیام کے لئے مختلف بازاروں میں بڑے جنرل سٹورز، ہوٹل،



ریسٹورنٹ کے کاروبار کے لئے مختلف شہروں کے بڑے ہوٹل اور ریسٹورنٹ کے وزٹ کرائے گا۔

نیز کچھ پروگرام جیسے ہوٹل مینجمنٹ اور پروفیشنل باورچی وغیرہ کی تربیت بھی کروائے گا۔ مختلف تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا مثلاً فرنیچر ڈیزائننگ، ووڈ کرافٹسمین شپ، ویلڈنگ ورکشاپ اور آٹو ورکشاپ کے قیام آٹو الیکٹریشن، ڈینٹنگ اینڈ پینٹنگ میسن، بلڈنگ الیکٹریشن، شٹرنگ کارپنٹر اور پلمبنگ وغیرہ۔ اس کے علاوہ متاثرین کو پھولوں، شہد، گھریلو سطح پر سبزیوں کی کاشتکاری، باغبانی، مرغبانی، مچھلی پکڑنے اور فروخت کرنے کے کاروبار کی تربیت اور بھیڑ، بکریوں کو پالنے کے کاروبار کے لئے نئی نسل کی بھیڑ بکریوں کو متعارف اور تربیت کروانے کا منصوبہ شامل ہے۔

## وُوکیشنل ٹریننگ سنٹر کا قیام

واپڈا مردوں اور عورتوں کے لئے پیشہ ورانہ تربیت گاہ (وُوکیشنل ٹریننگ سنٹر) قائم کرے گا۔ ایک سنٹر دائیں طرف اور بائیں طرف قائم ہوگا



جس میں مردوں اور عورتوں کو روزگار بڑھانے کے لئے مختلف شعبوں میں تربیت فراہم کی جائے گی۔

Scanned by CamScanner

# مقامی لوگوں اور کمیٹیوں کیلئے آگاہی پروگرام

## مقامی لوگوں کیلئے آگاہی پروگرام

علاقے کے معزز رہنما، جیسے ملک، علماء اور ان کے علاوہ تمام متاثرہ گاؤں میں مسائل کے حل کیلئے کچھ کمیٹیاں بنائی گئیں ہیں۔ تمام کمیٹیوں کے نمائندگان کو پراجیکٹ اور اس سے متعلق لوگوں کے مسائل اور ان کے حل سے آگاہی کے پروگرام کرائے جائیں گے۔ مقامی لوگوں سے اس بات کی توقع کی جاتی ہے کہ وہ غیر ملکی افراد سے مندرجہ ذیل سلوک روا رکھیں گے۔

☆ نئے آنے والے لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک اور خوش آمدید کرنا۔
☆ منصوبے پر کام کرنے والوں کی مہمان نوازی کرنا۔
☆ سیاسی، تعصّبانہ، مذہبی اور فرقہ وارانہ گفتگو و لڑائی جھگڑوں سے پرہیز۔
☆ منصوبے پر کام کرنے والے لوگوں کی صحیح رہنمائی و مدد۔
☆ مقامی لوگوں کا اسلحے کی نمائش کرنے سے اجتناب۔
☆ مشکوک افراد کے حوالے سے متعلقہ محکمہ کو بروقت اطلاع دینا۔

## علاقے میں لوگوں کی آمد و رفت اور سماجی مسائل سے متعلق آگاہی مہم

اس منصوبے پر کام کرنے کے لئے غیر مقامی اور غیر ملکی افراد کی تعداد بہت زیادہ ہوگی۔ چونکہ نئے آنے والے لوگ مقامی ثقافت، روایات اور علاقے سے واقفیت نہیں رکھتے، اس وجہ سے مقامی آبادی پر بہت سے اثرات مرتب ہوں گے۔ ان اثرات کو کم کرنے کے لئے واپڈا نے مقامی، غیر مقامی اور غیر ملکی افراد میں ایک آگاہی مہم چلانے کا منصوبہ بنایا ہے تاکہ لوگوں اور پراجیکٹ پر اس سے متعلقہ اثرات کو کم کیا جاسکے۔ اس حوالے سے واپڈا پوسٹر بنا کر اہم جگہوں مثلاً ضلعی انتظامی دفاتر، دوکانوں، ہوٹل، پٹرول پمپس، ورکشاپ اور ٹھیکیدار کے کیمپس میں لگائے گا۔ اس سلسلے میں مقامی لوگوں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ جرگے، ملاقات اور تربیتی ورکشاپ کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔

## رہنمائی گروپ کیلئے آگاہی پروگرام

پراجیکٹ سائٹ پر پیش آنے والے معاملات اور ان کے حل کی پالیسی بنانے کے لئے ایک گروپ بنایا جائے گا جو سائٹ کے مسائل کو احسن طریقے سے حل کرے گا۔ یہ گروپ باہمی مشاورت اور صلاح سے پراجیکٹ سے متعلقہ مسائل کے حل کی پالیسی بنائے گا تاکہ پراجیکٹ سے متعلق مسائل کا فوری حل تلاش کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ یہ گروپ پراجیکٹ سے متعلقہ محکموں کے کام کا جائزہ بھی لے گا۔ اس ضمن میں اس گروپ کی آگاہی کا پروگرام بنایا گیا ہے۔ ان کمیٹیوں کا بنیادی مقصد لوگوں کو انصاف ان کی دہلیز پر اور اپنے لوگوں کے ذریعہ بروقت فراہم کرنا ہے۔ اس طریقے کار سے لوگوں کے سرمایہ اور وقت کی انتہائی بچت ہوگی جو کہ عدالتی کارروائیوں سے ممکن نہیں۔ متاثرہ گھرانوں کو کسی فیصلہ کے خلاف شکایات کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ منصوبہ ازالہ شکایات کے لئے چار مرحلوں پر مشتمل مندرجہ ذیل کمیٹیاں بنائی جائیں گی۔

۱۔ گاؤں کی سطح کی کمیٹی۔
۲۔ یونین کونسل کی سطح کی کمیٹی۔
۳۔ ضلعی سطح کی کمیٹی۔
۴۔ پراجیکٹ سطح کی کمیٹی۔

گاؤں کی سطح کمیٹی میں مقامی متاثرہ لوگوں میں سے گاؤں کے بزرگ، منصوبے کے افراد اور محکمہ ریونیو کے نمائندے شامل ہونگے۔ وہ شکایات جو مناسب طور پر حل نہیں ہونگی ایسی شکایات کو گاؤں کی سطح کی کمیٹی کے پاس لے جایا جائے گا۔ اگر وہاں بھی حل نہ ہوں تو انہیں یونین کی سطح کی کمیٹی کے پاس لے جایا جائے گا۔ اگر وہاں بھی حل نہ ہوں تو انہیں ضلعی سطح کی کمیٹی کے پاس پورے ریکارڈ کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔ اگر پچھلی تمام سطح کی کمیٹیوں میں شکایت حل نہ ہوئی تو ان شکایات کو پراجیکٹ کمیٹی کے پاس لایا جائے گا جو کہ اس حوالے سے شکایات کے ازالہ کا بڑا مرکز ہوگا۔ واپڈا نے ان کمیٹیوں کی ٹریننگ کا بندوبست کیا ہے جن کے ذریعے سماجی اور ماحولیاتی شکایات اور جھگڑوں کو منصوبے کے لائحہ عمل اور انصاف کی بنیاد پر حل کیا جائے۔


**ادارہ برائے سماجی و نو آبادکاری**

فون نمبر 0998407300 ای میل isruwapda@gmail.com


Scanned by CamScanner